ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 01مارچ2022ء۔

آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر نے صحافی اطہر متین کے قتل میں ملوث ملزم کی گرفتاری کے لیئے کی جانیوالی کاروائی میں شریک پولیس ٹیم کے ممبران میں چالیس لاکھ روپے بطور انعام اور تعریفی اسناد تقسیم کیں۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سادہ وپر وقار تقریب کے دوران آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی ویسٹ ناصر آفتاب، ایس ایس پی وسطی معروف عثمان، ایس ایس پی اے وی ایل سی طارق نواز، ڈی ایس پی گلبرگ خواجہ معین الدین، ایس ایچ او سمن آباد وقار قیصر، ایس ایچ او نیو کراچی شاہد تاج، ڈی آئی او گڈاپ بشیر علی کے علاوہ اے وی ایل سی کے ایس آئی ناصر محمود، اے ایس آئی راؤ شاہد، آئی ٹی ویسٹ کے ہیڈ کانسٹیبل فیصل حسین کے علاوہ ٹیکنکل برانچ وسطی کے کانسٹیبل انیس بیگ کے درمیان سی سی ون سرٹیفیکٹس اور کیش ریوارڈ تقسیم کیئے۔

اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ، اے آئی جی آپریشنز سندھ و دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

علاوہ ازیں قتل جیسے سنگین جرم کو انتہائی مہارت اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کامیابی سے حل کرنے پر ایس ایس پی قمبر شہداد کوٹ بشیر بروہی کو تمغہ شجاعت جبکہ سب انسپکٹر وقار قیصر، سب انسپکٹر شاہد تاج سب انسپکٹر بشیر علی، سب انسپکٹر ناصر محمود اور ہیڈ کانسٹیبل فیصل حسین کو پی پی ایم (سول ایوارڈ) کے لیئے نامزد کرنے کی سفارشات حکومت کو ارسال کی جارہی ہیں۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-